★ ABC CERTIFIED ★
Member APNS
روزنامہ
تعمیرِ وطن
کوئٹہ
Daily Tameer-e-Watan Quetta
جلد نمبر 27.....شمارہ نمبر 285 بروز پیر 13 جولائی 2026ء 27 محرم الحرام 1448ھ.....قیمت 7 روپے (صفحات 8) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان.....ایڈیٹر: ایم ایس خان

قبائلی رہنما عبدالمتین اخونزادہ ترجمان زیارت دھرنا مقرر

کوئٹہ (آن لائن) اتوار کے دن زیارت دھرنے کے سلسلے میں آل پارٹیز قائدین وزیارت دھرنے کے لواحقین نے باہمی مشاورت سے جماعت اسلامی بلوچستان کے نائب امیر، قبائلی رہنما عبدالمتین اخونزادہ کو ترجمان زیارت دھرنا مقرر کردیا ہے۔

سید سکندر شاہ ڈپٹی ڈائریکٹر ایگریکلچر ضلع بولان تعینات

بھاگ (ان لائن) سید سکندر شاہ ڈپٹی ڈائریکٹر ایگریکلچر ضلع بولان تعینات تفصیلات کے مطابق سید سکندر شاہ ڈپٹی ڈائریکٹر ایگریکلچر ضلع بولان کچھی تعینات جس کی تعیناتی کو عوامی سماجی حلقوں میں ان کے تعیناتی کا خیر مقدم کیا جارہا ہے کہ موصوف ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ کے بہتری کے لیے اپنے تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے۔

پاکستانی کمیونٹی دونوں ممالک کے درمیان اہم پل کا کردار ادا کررہی ہے، اسحاق ڈار

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے برطانوی ایوان بالا کے رکن لارڈ عامر سرفراز نے ملاقات کی۔ لارڈ عامر سرفراز نے خطے میں امن و استحکام کے لیے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کے فعال کردار کو سراہا (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

کشمیر پاکستان کی شہہ رگ اور کشمیری ہمارے بھائی ہیں، اُن سے ہمارا رشتہ اٹوٹ ہے، بلال اظہر کیانی

میر پور (آن لائن) ضلع میر پور کے لئے مسلم لیگ (ن) کے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر اور وزیر مملکت خزانہ و ریلوے بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ کشمیر پاکستان کی شہہ رگ اور کشمیری ہمارے بھائی ہیں، اُن سے ہمارا رشتہ اٹوٹ ہے، کشمیر کاز کی طرح کشمیریوں کی ترقی، خوش (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

وزیراعظم شہباز شریف کا سابق امیر قطر شیخ حمد بن خلیفہ الثانی کی وفات پر اظہار افسوس

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے سابق امیر قطر شیخ حمد بن خلیفہ الثانی کی وفات پر اظہار افسوس کرتے ہوئے ایک تعزیتی بیان میں کہا ہے کہ شیخ حمد ایک عظیم رہنما تھے جن کی دانش اور دور اندیشی نے قطر کو ایک جدید، خوشحال اور عالمی سطح پر قابل احترام قوم (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

سران تنگی میں تازہ کارروائیوں کے دوران مزید 4 خارجیوں کی ہلاکت سے جہنم واصل، آخری دہشتگرد کے خاتمے تک بلوچستان میں آپریشن شعبان جاری رہے گا، سیکورٹی حکام

سیکورٹی فورسز کا مشترکہ آپریشن شعبان جاری اب تک 109 خارجی ہلاک

جہنم واصل خارجیوں کے قبضے سے بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کرلیا گیا، برآمد ہونیوالا اسلحے میں ایم فور رائفل، ایس ایم جیز، راکٹ لانچر، موبائل فونز اور دیگر سامان بھی شامل ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاک فوج، ایف سی بلوچستان اور پولیس کا مشترکہ "آپریشن شعبان" جاری ہے اور سران تنگی میں تازہ کارروائیوں کے دوران مزید 4 خارجیوں کی ہلاکت سے جہنم واصل ہونے والوں کی مجموعی تعداد 71 ہوگئی ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز کی فتنہ الخوارج کے خلاف علاقے میں موثر کارروائیاں جاری ہیں۔ سیکیورٹی فورسز کی جانب سے خارجیوں کو ہوائی اور زمینی کارروائیوں میں نشانہ بنایا جارہا ہے، سران تنگی میں تازہ کارروائیوں کے دوران مزید 4 خارجیوں کو جہنم واصل کیا گیا، آپریشن شعبان میں جہنم واصل ہونے والوں کی مجموعی تعداد 71 ہوگئی ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق پانچ جولائی سے اب تک آپریشن شعبان اور دیگر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز میں مجموعی طور پر 109 خارجی دہشتگرد (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

ماشکیل میں نہتے اور بے گناہ مزدوروں کا بہیمانہ قتل قابل مذمت ہے جنگ آخری دہشت گرد کے خاتمے تک پوری قوت، قومی عزم اور عوامی حمایت کے ساتھ جاری رہے گی

آزادی کی نام نہاد تحریک کا لبادہ اوڑھنے والے دہشت گرد نہتے مزدوروں کو نشانہ بنا کر ایک مرتبہ پھر اپنے مکروہ عزائم دنیا کے سامنے بے نقاب کر چکے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

دہشتگردوں کیلئے بلوچستان کی سرزمین تنگ کردی جائے گی

وزیراعلیٰ بلوچستان

شہید ہونے والے صرف پنجابی مزدور نہیں تھے بلکہ پاکستان کے شہری، محنت کش اور ہمارے اپنے بھائی تھے ان پر حملہ پاکستان کی وحدت، آئین اور ریاست پر حملہ ہے

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی گزشتہ روز دہشتگرد حملے سے متاثرہ ہنہ اوڑک کلی بیری کے دورے کے موقع پر فورسز سے گفتگو کررہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع واشک کی تحصیل ماشکیل میں نہتے اور بے گناہ مزدوروں کے بہیمانہ قتل کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہید ہونے والے صرف پنجابی مزدور نہیں تھے بلکہ پاکستان کے شہری، محنت کش اور ہمارے اپنے بھائی تھے۔ ان پر حملہ کسی ایک صوبے یا قومیت پر نہیں بلکہ پاکستان کی وحدت، آئین اور ریاست پر حملہ ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ آزادی کی نام نہاد تحریک کا لبادہ اوڑھنے والے دہشت گرد نہتے (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

انسانیت سوز جرائم میں ملوث عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، شہباز شریف

معصوم اور نہتے مزدوروں کو نشانہ بنانا سفاکانہ اور بزدلانہ فعل ہے: وزیراعظم

اسلام آباد/ کوئٹہ (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بلوچستان کے ضلع واشک کے علاقے ماشکیل میں دہشت گردوں کے ہاتھوں پانچ بے گناہ مزدوروں کے بہیمانہ قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم اور نہتے شہریوں کو نشانہ بنانا انتہائی سفاکانہ اور بزدلانہ فعل ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد اپنے مذموم عزائم کے لیے بے گنا (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

پاکستان کے سابق صدر ممنون حسین کی پانچویں برسی 14 جولائی منگل کو منائی جائے گی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کے سابق صدر ممنون حسین کی پانچویں برسی 14 جولائی منگل کو منائی جائے گی۔ ممنون حسین 1940 میں پیدا ہوئے تھے اور بعد ازاں وہ ہجرت کرکے پاکستان آئے ۔میاں نواز شریف کے (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

وفاقی وزیر آئی ٹی شزا فاطمہ خواجہ کی بحرین کے وزیر ٹرانسپورٹ سے ملاقات

پاکستان اور بحرین کے درمیان ٹیکنالوجی اور سرمایہ کاری کے تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور بحرین کے درمیان ٹیکنالوجی اور سرمایہ کاری کے تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق کیا ہے اور ایس آئی ایف سی کی مؤثر سہولت کاری سے پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری اور دوطرفہ اقتصادی تعاون کے نئے مواقع پیدا ہو رہے ہیں۔ وفاقی وزیر آئی ٹی شزا فاطمہ خواجہ نے جمعیوا میں بحرین کے وزیر ٹرانسپورٹ وٹیلی (باقی صفحہ 8 نمبر 8)

وڈھ بازار کے قریب کارگاڑی پر فائرنگ پولیس اہلکار موقع پر جاں بحق

خضدار (آن لائن) وڈھ بازار کے قریب کارگاڑی پر فائرنگ پولیس اہلکار موقع پر جاں بحق۔ تفصیلات کے مطابق وڈھ بازار کے قریب نامعلوم افراد کی فائرنگ پولیس اہلکار ہیڈ محرر سب تحصیل آرمنجی منظور احمد علیزئی موقع پر جاں بحق ہوئی۔ جنہیں فوری طور پر سول اسپتال وڈھ (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

اوآئی سی وزارتی کانفرنس برائے خواتین کی صدارت پاکستان کیلئے بڑا اعزاز ہے، وزیر قانون

پاکستان صدارت کی ذمہ داری کے لیے تیار ہے، ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھائیں گے، اعظم نذیر تارڑ

خواتین کے حقوق کے ایجنڈے کو آگے بڑھائیں گے، اوآئی سی وزارتی کانفرنس خواتین کے حوالے سے گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ او آئی سی وزارتی کانفرنس برائے خواتین کی صدارت پاکستان کے لیے بڑا اعزاز ہے، پاکستان صدارت کی ذمہ داری کے لیے تیار ہے، ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھائیں گے اور خواتین کے حقوق کے ایجنڈے کو آگے بڑھائیں گے۔ وفاقی وزیر قانون و انصاف (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

لاہور: جماعت اسلامی (جے آئی) پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمان منصورہ میں مرکزی مجلس شوریٰ کے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

نئے شامل ہونے والے ارکان میں نئے چہرے اور نوجوان شامل ہوں گے، وزیرِ مملکت کے عہدے دیے جانے کا امکان

وفاقی کابینہ میں نئے چہرے شامل کرنیکا فیصلہ، وزیراعظم نے مشاورت مکمل کرلی

وزیراعظم نے بعض وفاقی وزارتوں کی کارکردگی پر عدم اطمینان کا اظہار کیا برآمدات میں خاطر خواہ اضافہ نہ ہونے پر وزیراعظم کو تشویش ہے

وزارتِ آبی وسائل کی کارکردگی سے بھی شہباز شریف غیر مطمئن ہیں قومی خزانے پر بوجھ کم کرنے کیلئے بعض وزارتوں میں اصلاحات لانے پر بھی غور

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے وفاقی کابینہ نوجوان اور نئے چہرے شامل کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے مشاورت مکمل کرلی۔ نئے شامل ہونے والے ارکان کو وزیرِ مملکت کے عہدے دیے جانے کا امکان ہے۔ محنتی، متحرک اور نتائج دینے والے ارکان کو آگے لانے کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعظم نے بعض وفاقی وزارتوں کی کارکردگی پر عدم اطمینان کا اظہار کیا۔ برآمدات میں خاطر خواہ اضافہ نہ ہونے پر وزیراعظم کو تشویش ہے۔ شہباز شریف نے چاول، آلو اور پھلوں کی برآمدات میں مطلوبہ نتائج حاصل نہ ہونے پر (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نعمان مندوخیل کی عیادت کررہے ہیں

معصوم اور بے گناہ شہریوں کا قتل ایک گھناؤنا جرم ہے جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جا سکتا، شاہد درند

بلوچستان حکومت کا ماشکیل فائرنگ واقعے کا نوٹس، شفاف تحقیقات کا حکم

حکومت بلوچستان متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کی شریک ہے اور انہیں ہر ممکن معاونت فراہم کی جائے گی

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان نے ماشکیل میں فائرنگ کے افسوسناک واقعے میں پانچ معصوم اور بے گناہ مزدوروں کے قتل کے افسوسناک واقعہ کا سخت نوٹس لیتے ہوئے واقعے کی فوری اور شفاف تحقیقات کا حکم دے دیا ہے معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلا (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

سرکاری محکموں کے ریکارڈ میں ٹیمپرنگ کا انکشاف، متعدد محکمے تحقیقات کی زد میں آگئے

نشاط سنیما اراضی کیس میں اینٹی کرپشن نے مقدمہ درج کرکے تین ملزمان کو گرفتار کیا ہے، ذرائع

اسلام آباد (آن لائن) سرکاری محکموں کے ریکارڈ میں ٹیمپرنگ کا انکشاف ہونے کے بعد متعدد محکمے تحقیقات کی زد میں آگئے ہیں اور کمشنر، ڈپٹی کمشنر سمیت انتظامیہ میں بڑے پیمانے پر تبدیلیوں کے بعد اہم تحقیقات شروع کردی گئی۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ چار برس کے (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

نائب وزیراعظم اور ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ

اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کیمطابق کشیدگی میں کمی اور تحمل کا راستہ اختیار کیا جائے، اسحاق ڈار

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم اور ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کے درمیان ٹیلیفونک رابطے میں خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا اور نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے زور دیا ہے کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کیمطابق کشیدگی میں کمی اور تحمل کا راستہ اختیار کیا (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

آزاد کشمیر انتخابات 2026: بلاول بھٹو 17 سے 24 جولائی تک انتخابی مہم چلائیں گے، جلسوں کا شیڈول جاری

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی نے آزاد جموں و کشمیر انتخابات 2026 کے لیے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی انتخابی مہم کا باضابطہ شیڈول جاری کردیا ہے، جس (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

ایک اذان، 22 موذن شہید، یوم شہدائے کشمیر (آج) منایا جائے گا

اسلام آباد (آن لائن) یوم شہدائے کشمیر 13 جولائی پر کو منایا جائے گا۔ یہ دن اُن 22 کشمیری مؤذنوں کی شہادت کی یاد میں منا (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

افغان طالبان رجیم میں انسانی حقوق کی بدترین پامالیاں، عالمی سطح پر آوازیں اٹھنے لگیں

خواتین مخالف اقدامات کو امتیازی قرار دیتے ہوئے انہیں خواتین کیخلاف جنگ قرار دیدیا

کابل (آن لائن) افغان طالبان رجیم میں انسانی حقوق کی بدترین پامالیاں، عالمی سطح پر آوازیں اٹھنے لگیں قابض طالبان رجیم میں افغان عوام خصوصاً خواتین کو تعلیم، (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

بلوچستان میں جاری آپریشن شعبان میں مزید خوارجی جہنم رسید

پاک فوج، ایف سی بلوچستان اور پولیس کے بہادر سپوتوں کو سلام، وزیر داخلہ

اسلام آباد (آن لائن) بلوچستان میں جاری آپریشن شعبان میں مزید خوارجی جہنم رسید کیے گئے ہیں اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے آپریشن شعبان میں سیکیورٹی فورسز کی کامیابی پر مبارکباد دی ہے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

بھارتی ریاست بہار میں مسلمان خاتون کی سرعام تذلیل، ہندو جنونیوں نے برقع کھینچ کر زبردستی سندور لگا دیا

نئی دہلی (آن لائن) بھارتی ریاست بہار میں مسلمان خاتون کی سرعام تذلیل، ہندو جنونیوں نے برقع کھینچ کر زبردستی سندور لگا دیا۔ آر ایس ایس کے غنڈوں نے مودی (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

مرید کے: وفاقی وزیر رانا تنویر حسین میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

شہید وطن نوابزادہ میر سراج خان رئیسانی کی 8 ویں برسی

آج جولائی کو عقیدت و احترام سے منائی جائے گی

کوئٹہ (آن لائن) شہید وطن نوابزادہ میر سراج خان رئیسانی کی 8 ویں برسی آج 13 جولائی کو عقیدت و احترام سے منائی جائے (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

آزاد کشمیر انتخابات بائیکاٹ پر پی ٹی آئی فیصلہ نہ کرسکی

مظفر آباد (آن لائن) آزاد کشمیر میں عام انتخابات کے بائیکاٹ کے معاملے (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

ہا کی فیڈریشن نے جدید جی پی ایس پلیئر ٹریکنگ سسٹم متعارف کرادیا

لاہور (آن لائن) پاکستان ہاکی فیڈریشن نے جدید جی پی ایس پلیئر ٹریکنگ سسٹم متعارف کرادیا۔ جدید ٹیکنالوجی سے کھلاڑیوں کی فٹنس کا جائزہ لیا جائے گا۔ جی پی ایس سسٹم (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

مختلف رکاوٹوں کے باوجود ہائیر ایجوکیشن کمیشن وژن اور حقیقت کے درمیان اہم پل کا کردار ادا کررہا ہے، جعفر خان مندوخیل

ہماری تمام پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کی رینکنگ اینڈ اسکورنگ میں نمایاں بہتری آئی ہے، گورنر بلوچستان

تمام یونیورسٹیوں کی رہنمائی، معاونت اور عالمی معیارات کے ساتھ ہم آہنگ کرنے میں ایچ ای سی کا کلیدی کردار ہے، خطاب

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ پاکستان کی تمام پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کی رہنمائی، معاونت اور قومی تعلیمی معیارات کو عالمی معیارات کے ساتھ ہم آہنگ کرنے میں ہائیر ایجوکیشن کمیشن کا کلیدی کردار ہے۔ بلوچستان میں، ٹیچنگ، ریسرچ اور ادارہ جاتی تعمیر و ترقی میں ایچ ای سی کی مسلسل معاونت نے ایجوکیشن ایکسیلنس اور ریسرچ پر مبنی پیشرفت کی بنیاد ڈالنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ شروعا (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

یکطرفہ معاہدوں کا دور ختم، اپنے الفاظ پر قائم رہو یا قیمت ادا کرو، محمد باقر قالیباف

حقیقت اب دروازہ کھٹکھٹا رہی ہے قالیباف نے پوسٹ کے ساتھ ایم ایو کے آرٹیکل 5 کی تصویر بھی شیئر کی

تہران (آن لائن) ایران کے اعلیٰ مذاکرات کار اور اسپیکر پارلیمنٹ محمد باقر قالیباف نے کہا ہے کہ یکطرفہ معاہدوں کا دور ختم ہو چکا ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری اپنے بیان میں انہوں نے لکھا کہ ہم نے پہلے ہی کہا تھا اپنے وعدے پورے کریں یا پھر اس کی قیمت چکائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حقیقت اب دروازہ کھٹکھٹا رہی ہے۔ قالیباف نے اپنی پوسٹ کے ساتھ مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) کے آرٹیکل 5 کی تصویر بھی شیئر کی، جس میں آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے سے متعلق شق موجود ہے۔ تصویر میں اسلامی جمہوریہ ایران انتظامات کرے (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

سردار ایاز صادق کا یوم شہدائے کشمیر پر کشمیری شہداء کو خراجِ عقیدت

کشمیری عوام کی حق خودارادیت کیلئے دی جانے والی قربانیاں تاریخ کا روشن باب ہیں

اسلام آباد (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے یوم شہدائے کشمیر کے موقع پر کشمیری شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ کشمیری عوام نے کئی دہائیوں پر محیط جدوجہد کے دوران اپنے بنیادی حقوق اور حق خودارادیت کے حصول کے لیے لازوال قربانیاں دی ہیں، جنہیں تاریخ میں ہمیشہ احترام اور عقیدت کے ساتھ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری شہداء نے حق، انصاف اور انسانی وقار کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرکے تاریخ میں ایک ناقابل فراموش باب رقم کیا۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ یوم (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

کوئٹہ، کوکلہ پھاٹک جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی رہنما حضرت مولانا حافظ حمد اللہ صاحب سانحہ شہدائے زیارت احتجاجی دھرنا سے خطاب کررہے ہیں

پشتونوں کو لاوارث نہ سمجھا جائے، قوم نے متحد و منظم ہونا ہوگا، نواب ایاز خان جوگیزئی

وزیرستان سے سبق حاصل کرنا ہوگا آج ہم نے احمد شاہ بابا اور میرواعظ نیکہ کا راستہ ترک کیا اور صورتحال ہمارے سامنے ہیں، خطاب

سیٹلائٹ ٹیکنالوجی سے معدنی خزانوں کو دریافت کیا جارہا ہے، کسی کو اختیار نہیں کے ہمارے معدنیات کو بریف کسی میں لیجا کر دنیا کو نمونہ پیش کرے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز خان جوگیزئی نے زیارت مانگی سانحہ جس میں 27 پولیس اہلکار شہید ہوئے کیخلاف کوئٹہ کے کوکلہ پھاٹک پر جاری عوام کی جم غفیر پر مبنی احتجاجی دھرنے سے اپنے خطاب کا آغاز خوشحال خان خٹک کے شعر سے کیا جس کا اردو ترجمہ ''کاش میرا بیٹا افغان قوم کی عزت و وقار کا دفاع کرتے ہوئے جان دیتا، بجائے اس کے کہ آج وہ بستر مرگ پر پڑا ہو (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

تاریخ گواہ ہے کہ ظلم ہمیشہ عارضی اور حق و انصاف ہمیشہ غالب رہا ہے، جمعیت

صوبے میں جاری "شورش اور سازش" کے حوالے سے عوامی شعور بیدار ہو چکا ہے

عوام کے جان و مال کے تحفظ اور امن کے قیام کیلئے مؤثر، غیر جانبدار اور نتیجہ خیز اقدامات کیے جائیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان بادیزئی، مولانا محمد شعیب جدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ، مولانا محمد عارف شمشیر اور دیگر رہنماں نے اپنے مشتر (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 5 افراد محمد حسن، عبدالقادر، محسن، بلال اور ایک نامعلوم شخص جاں بحق ہوگئے

ماشکیل میں نامعلوم مسلح افراد نے دکان پر فائرنگ کرکے 5 افراد کو قتل کردیا

نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ان کے آبائی علاقوں کو روانہ کردی گئیں ہے مزید کارروائی ماشکیل پولیس کررہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے علاقے ماشکیل میں نامعلوم مسلح افراد نے دکان پر فائرنگ کرکے 5 افراد کو قتل کردیا اور فرار ہوگئے اور واقعہ کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس موقع پر پہنچ گئی نعشیں ہسپتال منتقل کردی گئیں۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز ضلع واشک کے علاقے ماشکیل بازار میں دکان پر 3 نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں 5 افراد محمد حسن، عبدالقادر، محسن، بلال اور ایک نامعلوم شخص (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

وزیراعظم کی بحری ٹاسک فورس نے پاکستانی بندرگاہوں میں اہم آپریشنل کامیابیاں حاصل کرلیں

ٹاسک فورس کی بدولت بندرگاہوں میں جگہ کے انتظام، کارگو کلیئرنس اور انفراسٹرکچر کے دیرینہ مسائل حل کرلئے گئے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم کی بحری ٹاسک فورس نے پاکستانی بندرگاہوں میں اہم آپریشنل کامیابیاں حاصل کرلیں ٹاسک فورس کی بدولت بندرگاہوں میں جگہ کے انتظام، کارگو کلیئرنس اور انفراسٹرکچر کے دیرینہ مسائل حل کرلئے گئے۔ نیشنل لاجسٹکس کارپوریشن سمیت تمام سٹیک ہولڈرز کی شرکت سے اہم اصلاحات کا نفاذ مکمل ہوگیا ہے۔ کنٹینرز کی تہہ بندی اب منظم انداز میں، کسٹمز معائنہ آسان ہوا بندرگاہوں کو ماسٹر پلان کے مطابق ازسرنو ترتیب دیا گیا ہے۔ دستیاب جگہ کا بہترین استعمال، طویل عرصے سے پھنسے ہوئے کنٹینرز کی کلیئرنس مستقبل میں ان مسائل کے روک تھام کے لیے کنٹینرز کی آمد سے قبل پیشگی جی ڈی فائنگ کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ نیشنل لاجسٹکس کارپوریشن سمیت تمام سٹیک ہولڈرز کی شرکت سے اہم اصلاحات کا نفاذ مکمل ہوگیا (باقی صفحہ 2 نمبر 19

ABC CERTIFIED
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

کابینہ میں تبدیلی

وزیراعظم شہباز شریف نے وفاقی کابینہ نوجوان اور نئے چہرے شامل کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے مشاورت مکمل کرلی۔ نئے شامل ہونے والے ارکان کو وزیرِ مملکت کے عہدے دیے جانے کا امکان ہے۔ محنتی، متحرک اور نتائج دینے والے ارکان کو آگے لانے کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعظم نے بعض وفاقی وزارتوں کی کارکردگی پر عدم اطمینان کا اظہار کیا۔ برآمدات میں خاطر خواہ اضافہ نہ ہونے پر وزیراعظم کو تشویش ہے۔ شہباز شریف نے چاول، آلو اور پھلوں کی برآمدات میں مطلوبہ نتائج حاصل نہ ہونے پر اظہارِ برہمی کیا۔ وزارتِ آبی وسائل کی کارکردگی سے بھی وزیراعظم شہباز شریف غیر مطمئن ہیں۔ قومی خزانے پر بوجھ کم کرنے کے لیے بعض وزارتوں میں اصلاحات لانے پر بھی غور کیا گیا۔

بقیہ 01

دجہنم واصل ہو چکے ہیں، جہنم واصل خارجیوں کیتعدادبھی بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کرلیا گیا، برآمد ہونیوالا اسلحے میں ایم فور رائفل، ایس ایم جیز، راکٹ لانچر، موبائل فونز اور دیگر سامان بھی شامل ہے، آخری دہشتگرد کے خاتمے تک بلوچستان میں آپریشن شعبان جاری رہے گا۔

بقیہ 02

م میں تبدیل کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ ان کی اپنی قوم، عالمی امن اور ترقی کے لیے خدمات کو آنے والی نسلوں تک یاد رکھا جائے گا۔

بقیہ 03

حالی ہمیشہ مسلم لیگ (ن) ہی اولین ترجیح رہی ہے اور رہے گی، پاکستان ہو یا آزاد کشمیر، گزرے کل کی طرح آج بھی ترقی کا ایک ہی نشان، علامت اور ضمانت صرف نواز شریف ہے، بلال اظہر کیانی کا پارٹی کارکنوں سے میر پور میں کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے بلال اظہر کیانی نے کہا کہ پاکستان ہو یا آزاد کشمیر، گزرے کل کی طرح آج بھی ترقی کا ایک ہی نشان، علامت اور ضمانت صرف نواز شریف ہے، نواز شریف وہ عظیم شخص ہے جس نے ملک کی بے مثال خدمت کی ہے، نواز شریف نے ملک کی ترقی یقینی بنائی، موٹر وے اور بجلی گھر بنائے، روزگار دیا، ہلکی دفاع ناقابل تسخیر بنایا۔ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ نواز شریف نے ہمیشہ کشمیریوں کے حقوق کے تحفظ اور ترقی کو یقینی بنایا، نواز شریف، وزیراعظم شہباز شریف اور وزیراعلیٰ مریم نواز شریف سے کشمیر سے خصوصی رشتہ ہے، موٹر وے لاہور سے سیالکوٹ پہنچ چکی ہے، سیالکوٹ سے کھاریاں تک کے مرحلے پر کام جاری ہے، کھاریاں سے راولپنڈی موٹر وے سیکشن کا کنٹریکٹ ہوگیا ہے، جلد کام شروع اور وزیراعظم شہباز شریف کے دور میں مکمل ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ کھاریاں راولپنڈی موٹر وے سے میر پور اور آزاد کشمیر کے عوام کو بھی سفری سہولت کا فائدہ پہنچے گا، وزیراعظم شہباز شریف آزاد کشمیر میں دانش سکولوں اور یونیورسٹی کے قیام کا اعلان کر چکے ہیں، منگلا سے میر پور آتے ہوئے عوام کو پل پر پیش آنے والی مشکلات فوری حل کریں گے، وزیراعظم شہباز شریف نے خستہ حال دینہ منگلا روڈ تعمیر کرائی، جہلم کی طرح میر پور بھی میرا گھر ہے، بلال اظہر کیانی نیکارنر میٹنگ سے خطاب میں کہا کہ بچپن سے یہی حقیقت دیکھتا آیا ہوں کہ جہلم میر پور سے اور میر پور جہلم ہے، پاکستان کی ترقی کشمیر کی ترقی اور کشمیر کی ترقی پاکستان کی ترقی ہے، آپ کے جذبے لائق تحسین ہیں، انتخاب میں بھرپور محنت کرکے قائد نواز شریف اور مسلم لیگ (ن) کی جیت یقینی بنائیں گے، کشمیر پاکستان کی شہ رگ اور کشمیری ہمارے بھائی ہیں، اُن سے ہمارا رشتہ اٹوٹ ہے، کشمیر کا زخم کشمیریوں کی ترقی، خوش حالی ہمیشہ مسلم لیگ (ن) کی اولین ترجیح رہی ہے اور رہے گی۔ حلقہ کوآرڈینیٹر ایل اے 1 ذوالفقار جھنڈر، حلقہ کوآرڈینیٹر ایل اے 2 مدثر قیوم ناہرہ، حلقہ کوآرڈینیٹر ایل اے 3 علی گوہر خان بلوچ اور حلقہ کوآرڈینیٹر ایل اے 4 عارف گل، مسلم لیگ (ن) کے ایل اے 3 سے امیدوار چوہدری محمد سعید سمیت دیگر راہنماؤں نے بھی کارنر میٹنگ سے خطاب کیا۔ اس موقع پر کارکنوں نے نواز شریف زندہ باد، کشمیر بنے گا پاکستان کے فلک شگاف نعرے بھی لگائے قبل ازیں وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے چوہدری سعید کی رہائش گاہ پر ایل اے 1، ایل اے 2، ایل اے 3 اور ایل اے 4 کے حلقوں سے متعلق اجلاس ہوا، اجلاس میں مستقبل کی حکمت عملی طے کی گئی۔ اجلاس میں ایل اے 2 سے امیدوار عظیم بخش چوہدری، ایل اے 3 سے امیدوار چوہدری محمد سعید اور ایل اے 4 سے امیدوار چوہدری رخسار احمد کے علاوہ چاروں انتخابی حلقوں کے چاروں کوآرڈینیٹرز بھی شریک ہوئے۔ اجلاس میں ضلع میر پور کے چار انتخابی حلقوں کے حوالے سے انتخابی مہم، اب تک کے انتظامات اور پولنگ ڈے کی ذمہ داریوں سے متعلق حائزہ لیا گیا۔

بقیہ 04

۔ملاقات میں برطانیہ میں پاکستانی کمیونٹی کو درپیش مسائل اور ان کی خدمات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی کے مطابق برطانیہ کی بدلتی سیاسی صورتحال پر بھی دونوں رہنماؤں کے درمیان گفتگو ہوئی۔ اسحاق ڈار نے پاکستان اور برطانیہ کے دوطرفہ تعلقات مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا اور کہا کہ پاکستانی کمیونٹی شراکت داری کو مزید فروغ دینے پر بھی اتفاق ہوا۔ دونوں ممالک نے ٹیکنالوجی اور ٹیلی کمیونیکیشن کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی اور اقتصادی تعاون کے نئے مواقع کی راہ ہموار ہورہی ہے۔

بقیہ 09

پہنچایا گیا جہاں پر ضروری کاروائی کے بعد لاش کو ورثا کے حوالے کرکے مزید تفتیش شروع کردی گئی ہے۔

بقیہ 10

اعظم نذیر تارڑ نے او آئی سی وزارتی کانفرنس برائے خواتین کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ پاکستان نویں او آئی سی وزارتی کانفرنس برائے خواتین کی میزبانی کررہا ہے، او آئی سی کانفرنس کی میزبانی پاکستان کے لیے اعزاز ہے، کانفرنس میں 57 رکن ممالک کے نمائندے شریک ہیں، مختلف تکنیکی ورکنگ گروپس بھی کانفرنس کا حصہ ہیں۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ کانفرنس کے تکنیکی اجلاس جاری ہیں، مرکزی وزارتی اجلاس پیر کو منعقد ہوگا، اجلاس میں مبصرین اور وزارتی وفود شریک ہوں گے۔ وزیر قانون نے کہا کہ کانفرنس کی چیئرمین شپ مصر سے پاکستان کو منتقل ہوگی، خواتین کے کردار اور ترقی کا جائزہ لیا جائے گا، خواتین کو درپیش چیلنجز پر بھی غور ہوگا، کانفرنس کے اختتام پر اسلام آباد اعلامیہ جاری ہوگا، اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ وزیرِ اعظم افتتاحی اجلاس سے خطاب کریں گے، وزارت خارجہ کانفرنس کے انعقاد میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے، وزارت اطلاعات کے تعاون کو سراہتے ہیں، وفاقی وزیر عطاء اللہ تارڑ کے تعاون پر شکر گزار ہیں۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ کانفرنس کا محور خواتین کو مساوی حقوق دینا ہے، خواتین کو بااختیار بنانے پر خصوصی توجہ دی جائے گی، پاکستان میں خواتین کی ترقی کے اقدامات پیش کیے جائیں گے، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کانفرنس میں شریک ہوں گی، وفاقی وزیر شزا فاطمہ بھی شرکت کریں گی، خواتین کی بڑی تعداد کانفرنس میں شریک ہوگی، یہ میزبانی پہلی بار پاکستان کو ملی ہے۔ اعظم نذیر تارڑ نے بتایا کہ او آئی سی اقوام متحدہ کے بعد دوسرا بڑا فورم ہے، پاکستان کو دو سال کے لیے صدارت ملنے جارہی ہے، یہ پاکستان کے لیے بڑا اعزاز ہے، پاکستان صدارت کی ذمہ داری کے لیے تیار ہے، ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھائیں گیاور خواتین کے حقوق کے ایجنڈے کو آگے بڑھائیں گے۔

بقیہ 11

عات و سیاسی امور شاہد رند نے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ معصوم اور بے گناہ شہریوں کا قتل ایک گھناؤنا جرم ہے جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کی شریک ہے اور انہیں ہر ممکن معاونت فراہم کی جائے گی شاہد رند نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر قانون نافذ کرنے والے اداروں کو واقعے میں ملوث عناصر کی فوری گرفتاری، جامع تحقیقات اور ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچانے کی واضح ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس اندوہناک واقعے میں ملوث کوئی بھی شخص قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکے گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کو سبوتاژ کرنے اور عوام میں خوف و ہراس پھیلانے کی ہر کوشش کو ریاست پوری قوت سے ناکام بنائے گی۔ حکومت شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو اپنی اولین ذمہ داری سمجھتی ہے اور امن کے قیام کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں معاون وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان قانون کی بالادستی پر مکمل یقین رکھتی ہے اور عوام کو انصاف کی بروقت فراہمی یقینی بنائے گی۔ انہوں نے یقین دلایا کہ واقعے کی تحقیقات میرٹ پر مکمل کی جائیں گی اور ذمہ دار عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لاکر قرار واقعی سزا دی جائے گی۔

بقیہ 12

طہار برہمی کیا۔ وزارت آبی وسائل کی کارکردگی سے بھی وزیراعظم شہباز شریف غیر مطمئن ہیں۔ قومی خزانے پر بوجھ کم کرنے کے لیے بعض وزارتوں میں اصلاحات لانے پر بھی غور کیا گیا۔

بقیہ 13

کے مطابق وہ 17 سے 24 جولائی تک آزاد کشمیر کے مختلف اضلاع کا دورہ کریں گے اور ڈڈیال، کوٹلی، مظفر آباد اور میر پور میں بڑے عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔ انتخابی مہم کے دوران بلاول بھٹو زرداری پارٹی امیدواروں کے حق میں ووٹ کی اپیل کرنے کے ساتھ کارکنوں اور عوام سے بھی ملاقاتیں کریں گے۔ پاکستان پیپلز پارٹی نے آزاد جموں و کشمیر انتخابات 2026 کے لیے اپنی انتخابی سرگرمیوں میں تیزی لاتے ہوئے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے عوامی جلسوں کے شیڈول کو حتمی شکل دے دی ہے۔ پارٹی کے مطابق بلاول بھٹو زرداری 17 جولائی سے انتخابی مہم کا باقاعدہ آغاز کریں گے اور مختلف اضلاع میں بڑے عوامی اجتماعات سے خطاب کریں گے۔ شیڈول کے مطابق انتخابی مہم کا پہلا عوامی جلسہ 17 جولائی کو حلقہ LA-01 ڈڈیال میں سہ پہر 3 بجے منعقد ہوگا، جس کی میزبانی چوہدری افسر شاہد کریں گے۔ 19 جولائی کو چیئرمین پیپلز پارٹی کوٹلی میں سہ پہر 3 بجے ایک بڑے عوامی اجتماع سے خطاب کریں گے۔ اس جلسے کی میزبانی پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے صدر چوہدری محمد یسین کریں گے، جبکہ کوٹلی کے امیدوار جاوید اقبال بڈھانوی، چوہدری محمد اخلاق، ملک ظفر اقبال اور چوہدری ولید انقلابی بلاول بھٹو زرداری کا استقبال کریں گے۔ 21 جولائی کو مظفر آباد میں دوپہر ایک بجے ایک بڑا عوامی جلسہ منعقد ہوگا، جس کی میزبانی پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے قائمقام صدر چوہدری لطیف اکبر کریں گے۔ مظفر آباد ڈویژن کے امیدوار میاں عبدالوحید، سردار جاوید ایوب، سید بازل علی نقوی، سردار مختار خان، چوہدری اشفاق ظفر، دیوان علی خان چغتائی اور مہتر منیر اعوان چیئرمین پیپلز پارٹی کا استقبال کریں گے۔ انتخابی مہم کا اختتامی اور بڑا جلسہ 24 جولائی کو میر پور میں سہ پہر 5 بجے منعقد ہوگا۔ اس جلسے کی میزبانی چوہدری یاسر سلطان کریں گے، جبکہ میر پور ڈویژن کے امیدوار چوہدری پرویز اشرف، چوہدری قاسم مجید، صہیب ارشد اور خضر رحمان بلاول بھٹو زرداری کا استقبال کریں گے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے مطابق چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اپنی انتخابی مہم کے دوران مختلف حلقوں میں عوام اور پارٹی کارکنوں سے خطاب کریں گے، پارٹی منشور کو اجاگر کریں گے اور آئندہ انتخابات میں پیپلز پارٹی کے امیدواروں کے حق میں ووٹ کی اپیل کریں گے۔ پارٹی قیادت کا کہنا ہے کہ آزاد کشمیر میں انتخابی سرگرمیوں کے آغاز سے کارکنوں میں جوش و خروش پایا جاتا ہے اور پیپلز پارٹی بھرپور انداز میں انتخابی میدان میں اتر رہی ہے۔

بقیہ 14

یا جاتا ہے جنہیں 13 جولائی 1931 کو ڈوگرہ فورسز نے اذان دینے پر اندھا دھند فائرنگ کرکے شہید کر دیا تھا یہ ایک ایسی اذان تھی جسے 22 نوجوانوں نے جان کی قربانی دے کر مکمل کیا تھا اس اذان کی گونج آج بھی کشمیریوں کے دلوں میں موجزن ہے۔ 13 جولائی 1931 کو سرینگر سینٹرل جیل کے باہر قیدیوں کی رہائی کے لیے کیا گیا احتجاج عزم و ہمت کی لازوال داستان بن گیا، یہ شہادتیں اس جدوجہد کا آغاز تھیں جس نے کشمیر میں آزادی کی چنگاری کو شعلہ بنا دیا۔ احتجاج کے دوران ایک شخص نے اذان دینی شروع کی تو ڈوگرہ راج کے سپاہیوں نے اسے فائرنگ کرکے شہید کردیا تو دوسرا شخص اذان دینے لگا، ڈوگرہ سپاہیوں نے اسے بھی شہید کردیا، ایک کے بعد ایک کشمیری جان کی بازی ہارتا گیا مگر اذان مکمل کی گئی اور جب اذان کا آخری کلمہ ادا کیا گیا تو 22 کشمیری شہید ہو چکے تھے۔ ان شہدا کی یاد میں ہر سال کی طرح آج بھی 13 جولائی کو یوم شہدائے کشمیر منایا جاتا ہے، اس سلسلے میں مقبوضہ کشمیر اور آزاد کشمیر سمیت دنیا بھر میں کشمیریوں کی جانب سے شہدا کی یاد میں ریلیاں نکالی جائیں گی اور دعائیہ تقاریب ہوں گی۔ مودی سرکار نے 2019 میں 13 جولائی کی سرکاری تعطیل کو ختم کرکے خالصتاً ہندو تواتاریخ کو بدلنے کی کوشش کی تھی ریاستی دہشتگردی کے باوجود بھارت کشمیریوں کی تحریک آزادی کی آواز کو دبانے میں مسلسل ناکام رہا ہے آج دنیا بھر کی انسانی حقوق کی تنظیمیں مقبوضہ کشمیر میں بھارتی ظلم وستم پر سراپا احتجاج ہیں شہداء کشمیر کا یہ خون رائیگاں نہیں جائے گا اور کشمیریوں کی آزادی کا خواب ایک دن ضرور پورا ہوگا۔ یوم شہدائے کشمیر 95 سال سے ہر سال 13 جولائی کو مناتا جاتا ہے۔#/s#

بقیہ 15

جائے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم اور ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا جس دوران دونوں رہنماؤں نے خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر اسحاق ڈار نے کہا کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کیمطابق کشیدگی میں کمی اور تحمل کا راستہ اختیار کیا جائے، خطے میں پائیدار امن واستحکام کیلئے مذاکرات اور سفارتکاری مؤثر راستہ ہے۔ وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ پاکستان خطے میں امن و استحکام کیلئے تعمیری کردار جاری رکھے کیلئے تیار ہے۔ دفتر خارجہ کے مطابق وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور عباس عراقچی کے درمیان باہمی رابطے برقرار رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 16

دوران تحمل اور زیر تحمیل تمام ترقیاتی منصوبوں کا ریکارڈ بھی تحقیقات میں شامل کئے گئے ہیں۔ ضلع کونسل، میونسپل کارپوریشن اور دیگر محکموں کے بعض کرپٹ افسران کے گروگھیرا تنگ کرلیا گیا۔ ذرائع کے مطابق محکمہ مال، ریونیو، تحصیل دفاتر اور پٹوار خانوں کے ریکارڈ کی چھان بین بھی شروع کی گئی ہے، راولپنڈی رنگ روڈ منصوبے کے ڈیزائن میں مبینہ ردوبدل کی تحقیقات مزید تیز کر دی گئیں، 150 سالہ پرانے نشاط سنیما اراضی اسکینڈل پہلے ہی اینٹی کرپشن کے سپرد کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق نشاط سنیما اراضی کیس میں اینٹی کرپشن نے مقدمہ درج کر کے تین ملزمان کو گرفتار کیا ہے، گرفتار افراد میں ایک پراپرٹی ڈیلر اور ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے دو افسران شامل ہیں، ایکسائز افسر وسیم احمد اور انسپکٹر فضیل بھٹی پر سرکاری ریکارڈ میں مبینہ ردوبدل کا الزام ہے۔ ذرائع کے مطابق مقدمے میں نامزد مبینہ بیفشری ملک عارف بھی اینٹی کرپشن کی تحویل میں ہے، ملک عارف نے مبینہ طور پر میونسپل کارپوریشن کی ملی بھگت سے قیمتی سرکاری اراضی پر قبضہ کیا تھا، جعلی دستاویزات کے ذریعے سنیما کی دو کنال اراضی منتقل کیے جانے کی تحقیقات جاری ہیں۔ ذرائع کے مطابق اینٹی کرپشن نے میونسپل کارپوریشن کے مزید افسران کو بھی شامل تفتیش کرنے کی سفارش کردی ہے، اعلیٰ انتظامی افسران کی تبدیلی کے بعد نچلی سطح پر بھی بڑے پیمانے پر ٹرانسفر اور پوسٹنگ کا امکان ہے۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب محمد رضا سرور نے راولپنڈی کا دورہ کرکے مختلف محکموں کا مکمل ریکارڈ طلب کرلیا ہے۔

بقیہ 17

جاں بحق ہوگئے فائرنگ سے حالات میں خوف و ہراس پھیل گیا حملہ آور فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور مقامی انتظامیہ موقع پر پہنچ گئیں نعشیں ہسپتال منتقل کردی گئیں مارے جانے والوں کا تعلق صوبہ پنجاب کے مختلف علاقوں سے بتایا جاتا ہے نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ان کے آبائی علاقوں کو روانہ کردی گئیں ہے مزید کارروائی تاحال پولیس کررہی ہے۔

بقیہ 18

شدہ افراد کو آف لوڈ کرنے کا معاملہ پر ایف آئی اے دستاویزات کے مطابق ایف آئی اے مختلف ایئر پورٹس سے 39 ہزار 786 شہریوں کو آف لوڈ کیا گیا، 2 0 ہزار 8 4 0 4 لوگوں کو ضروری دستاویزات نہ ہونے کی وجہ سے آف لوڈ کیا گیا، لو پروفائل، اور مشکوک ٹریول پلان کی وجہ سے 12,673 لوگوں کو آف لوڈ کیا گیا۔ ایف آئی اے دستاویزات کے مطابق 3450 لوگوں کو شاپ لسٹ میں ہونے کی وجہ سے آف لوڈ کیا گیا، غلط سفری روٹ ہونے کی وجہ سے 505 لوگوں کو آف لوڈ کیا گیا، جعلی دستاویزات ہونے کی وجہ سے مختلف ایئر پورٹس سے 281 لوگوں کو آف لوڈ کیا گیا، غیر مطمئن ٹریول ہسٹری کی بنیاد پر 176 لوگوں کو آف لوڈ کیا گیا، دستاویزات کی تصدیق کیلئے 145 لوگوں کو آف لوڈ کیا گیا، کم عمری کی بنیاد پر 258 لوگوں کو آف لوڈ کیا گیا، وزٹ ویزے پر نوکری کی تلاش میں جانے والے 24 افراد کو آف لوڈ کیا گیا۔

بقیہ 19

4 پر عملدرآمد، 24 گھنٹے فعال ایک معائنہ مراکز قائم کئے گئے ہیں۔ جدید آلات اور مطلوبہ افرادی قوت سے کارگو کی ڈی سلفٹنگ اور ری سلفٹنگ کا عمل تیز ہوگیا ہے۔ کراچی پورٹ ٹرسٹ میں تجاوزات کے خاتمے کے لیے خصوصی کمیٹی قائم کی گئی ہے عدالت کے احکامات پر عملدرآمد تیز، قانونی اور انتظامی سطح پر کام جاری سٹی فورس کی نگرانی سے کارگو نقل وحرکت میں تیزی، بندرگاہوں پر رش میں خاطر خواہ کمی بندرگاہوں کی مجموعی صلاحیت میں اضافہ ہوا ہے۔ ماہرین کی جانب سے یہ اقدامات مضبوط بحری معیشت کے لیے اہم قرار دیا گیا ہے۔

بقیہ 20

ترجمان بلوچستان پولیس کے مطابق اسپلٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر کی خصوصی ہدایت پر بلوچستان کے ساتوں رینجز میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف خصوصی کارروائیوں کے دوران 108 ملزمان کو گرفتار کیا گیا ان کے قبضے سے کلاشنکوف 10، پسٹل 93، شارٹ گن 8، راؤنڈ 544، میگزین 78 کے علاوہ 96 ملازمان کے قبضے سے چرس 153 کلو 792 گرام، شیشہ 8 کلو 565 گرام، پری آکس شیشہ 560 گرام، افیون 226 گرام، ہیروئن 210 پڑی، خشک بنگ 124 کلو اور دیسی ولایتی شراب کی 660 بوتلیں، بیئر کین 144 عدد قبضے میں لئے اور کاروائیوں میں اشتہاری 58، مفرور 272، مختلف جرائم میں ملوث 615 ملزمان کو گرفتار کرکے 11 مطلوبین کو بازیاب کرایا گیا۔ مسروقہ گاڑیاں 9، موٹر سائیکلیں 20، موبائل فون 8 قبضے میں لئے گئے جبکہ چوری کی گئی 1 لاکھ 42 ہزار 500 روپے کی نقدی اور 3296 سگریٹ کے پیکٹ کے علاوہ 550 میٹر چار گاڑیاں، 14 موٹر سائیکلیں بند کی گئیں۔ 3764 گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے ایرانی پیٹرول 27 لیٹر، ڈیزل 10 لیٹر برآمد کرکے قبضے میں لیا گیا۔ پولیس اور عوام میں بہتر روابط قائم کرنے کے لئے پولیس اہلکاروں اور آفیسران کو ہدایت کی گئی ہے کہ شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی اور احترام سے پیش آئے اور تھانوں میں آنے والے سائلین کے ساتھ اچھا برتاؤ کرتے ہوئے ان کی شکایت سن کر داد رسی کی جائے کیونکہ پولیس کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنائیں۔ گرفتار ملزمان کے جرائم کے ریکارڈ کی جانچ پڑتال دوسرے صوبوں کی پولیس سے کی جارہی ہے تاکہ گرفتار ملزمان کا ڈیٹا تبادلہ تسلسل کے ساتھ جاری رکھ کر جرائم پیشہ عناصر کے قانون کے شکنجے میں جکڑا جاسکے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ عوام پولیس کے ساتھ تعاون کریں پولیس آپ کی مددگار اور تحفظ فراہم کرنے کے لئے چوبیس گھنٹے موجود ہے۔

بقیہ 21

کہ اخباری بیان میں کہا ہے کہ صوبے میں جاری "شورش اور سازش" کے حوالے سے عوامی شعور بیدار ہو چکا ہے۔ عوام کو مزید بیدار کرنا ہر سیاسی، مذہبی اور سماجی جماعت کی قومی ذمہ داری ہے تاکہ عوام دشمن عناصر کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ظلم، جبر، دہشت گردی، قتل و غارت اور بربریت کے خلاف تمام سیاسی قوتوں کو اپنے اختلافات سے بالاتر ہو کر اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ کرنا ہوگا، کیونکہ قومی سلامتی، عوام کے جان و مال کا تحفظ اور پائیدار امن کسی ایک جماعت نہیں بلکہ پوری قوم کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بے گناہ شہریوں، سیکیورٹی اہلکاروں اور دیگر شہدا کے جنازے اور غمزدہ ماں کی سسکیاں ظالم قوتوں اور وقت کے فرعونوں کے زوال کا پیش خیمہ ثابت ہوں گی، جبکہ تاریخ گواہ ہے کہ ظلم ہمیشہ عارضی اور حق و انصاف ہمیشہ غالب رہا ہے۔ رہنماں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ دہشت گردی اور بدامنی کے خاتمے، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور امن کے قیام کے لیے مؤثر، غیر جانبدار اور نتیجہ خیز اقدامات کیے جائیں تاکہ بلوچستان سمیت پورے ملک میں امن، استحکام اور عوام کا اعتماد بحال ہو سکے۔

بقیہ 22

سے کھلاڑیوں کے ورک لوڈ اور ریکوری کا مکمل ڈیٹا حاصل کیا جائے گا۔ پاکستان باکسنگ فیڈریشن کے مطابق اس حاصل شدہ ڈیٹا کی بنیاد پر ہر کھلاڑی کے لیے انفرادی ٹریننگ پروگرام تیار کیے جائیں گے، جدید ٹیکنالوجی سے انجریز کے خطرات کم کرنے اور کارکردگی بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ کامیاب نفاذ کے بعد اس ٹیکنالوجی کو جونیئر ٹیموں اور ڈیولپمنٹ اسکواڈز تک بھی توسیع دی جائے گی۔

بقیہ 23

شہدائے کشمیر 13 جولائی 1931ء کے اس تاریخی واقعے کی یاد میں منایا جاتا ہے جب سری نگر سینٹرل جیل کے باہر ڈوگرہ راج کے خلاف احتجاج کرنے والے نہتے کشمیریوں پر فائرنگ کی گئی، جس کے نتیجے میں 22 کشمیری شہید ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ ان شہداء کی قربانیوں نے کشمیری عوام کی حق خودارادیت کی جدوجہد کو مزید تقویت دی۔ انہوں نے کہا کہ یوم شہدائے کشمیر ہمیں کشمیری شہداء کی قربانیوں کو یاد کرنے اور حق، انصاف اور انسانی وقار کے اصولوں کے لیے اپنے عزم کو مزید مضبوط کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام نے مشکلات کے باوجود اپنے عزم، حوصلے اور ثابت قدمی کا مظاہرہ کیا ہے، جو قابل تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ مسئلہ جموں و کشمیر کے حل کے لیے اپنی ذمہ داریاں ادا کرے، متعلقہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی صورت حال کا سنجیدگی سے نوٹس لے اور کشمیری عوام کے بنیادی حقوق اور حق خودارادیت کے احترام کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر کردار ادا کرے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے اس امید کا اظہار کیا کہ جلد وہ دن آئے گا جب کشمیری عوام امن، آزادی اور خوشحالی کی فضا میں زندگی گزار سکیں گے اور ان کی آنکھوں میں بے بہتر مستقبل کے خواب شرمندہ تعبیر ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام کی خوشحالی، ترقی اور امن و سکون ہی خطے کے روشن مستقبل کی بنیاد ہے۔ اس موقع پر ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی سید غلام مصطفیٰ شاہ نے اپنے پیغام میں کہا کہ یوم شہدائے کشمیر کشمیری عوام کی قربانیوں، عزم اور ثابت قدمی کو خراج تحسین پیش کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری شہداء کی قربانیاں جراءت، استقامت اور حق و انصاف کے لیے جدوجہد کی لازوال داستان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام نے اپنے بنیادی حقوق کے لیے غیر معمولی عزم اور ثابت قدمی کا مظاہرہ کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کی پارلیمان کشمیری عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اور اس امر پر یقین رکھتی ہے کہ کشمیری عوام کی جائز امنگوں کا احترام اور ان کے بنیادی حقوق کا تحفظ ہی خطے میں پائیدار امن و استحکام کی بنیاد ہے۔

بقیہ 24

(عزت و وقار سے محروم) اور موت کی جانب بڑھ رہا ہے"۔ نواب محمد ایاز خان جوگیزئی نے اُن تمام ماؤں کو داد تحسین پیش کیا جنہوں ایسے بچوں کو جنم دیا جنہوں نے آج اپنے سروں کا نذرانہ وطن کی دفاع میں قربان کیئے۔ یہ وطن ہمیں کسی نے خیرات میں نہیں دیا، ہم جس وطن پر ہزاروں سال سے آباد ہیں اس وطن کی دفاع ہمارے اکابرین نے بڑے عاقتور قوتوں کا مقابلہ کیا اور اس کی دفاع کی ہے۔ آج پشتون اپنی بے اتفاقی کی وجہ سے موجودہ تعفین حالات سے دوچار ہیں۔ آج ہم نے احمد شاہ بابا اور میر وائس نیکہ کا راستہ ترک کیا اور صورتحال ہمارے سامنے ہیں۔ احمد شاہ بابا اعلان کرتے کہ لشکر تیار کرے اور تمام ہندوستان پر انہوں نے قبضہ کرلیا اور آج تک ہم احمد شاہ بابا کے نام اور تاریخ پر فخر کرتے ہیں۔ آج پشتون قوم کو جو حالات درپیش ہیں یہ تو بنیاد ہے اور اس سے سخت حالات آرہے ہیں جو آگ پھیل رہی ہے

بقیہ 25

ت سے بلوچستان میں ضروری تعمیری سہولیات اور مواقعوں کو مختلف قسم کی رکاوٹوں کا سامنا رہا ہے لیکن اس کے باوجود ہائیر ایجوکیشن کمیشن وژن اور حقیقت کے درمیان اہم پل کا کردار ادا کررہا ہے جس پر ہم چیئرمین ہائیر ایجوکیشن کمیشن ڈاکٹر نیاز احمد اختر اور ان کی پوری ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ جغرافیائی محل وقوع اور محدود وسائل کے چیلنجوں کے باوجود صوبہ کی تمام پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں میں اس وقت سینکڑوں پی ایچ ڈی اور ایم فل اسکالرز اب معیاری تعلیم فراہم کررہے ہیں اور طلباء وطالبات کو جدید تعلیم اور موجودہ مارکیٹ کی ضرورت کے مطابق جدید مہارتوں سے آراستہ کر رہے ہیں۔ فیکلٹی ڈویلپمنٹ، اسکالرشپس اور ریسرچ گرانٹس میں ایچ ای سی کا کردار اس تبدیلی میں مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔ اسطرح ایچ ای سی کا کردار کثیر جہتی ہے جو عصری تقاضوں کے مطابق کوالٹی ایشورنس کے معیارات مرتب اور نافذ کرتا ہے، جدید علم پر مبنی ریسرچ کو فروغ دیتا ہے اور صوبے کے دورافتادہ اضلاع میں بھی ہائیر ایجوکیشن تک

بقیہ 01

جانب سے کوئی رکاوٹیں نہیں آئیں ان کی عبوری مالیں تین پشتونوں کی ہیں، بدقسمتی سے ہماری ہی رنگ تھا ہی کی شناختی بدولت ہمارے ہی ملک میں کورٹ ہاؤس میں گورنر کی موجودگی میں صوبائی کابینہ کے ممبران سے زبردستی کلوز کرنے اس کا جواب دیا، دہشت گردانہ واقعات کی روک تھام کے رکنوں میں شامل ہیں، کورٹ ہاؤس میں حکومت نے ترجمانی کی اور اپنی شناختی خودکی۔ ہمارے وطن میں جو بھی کچھ ہورہا ہے اس کی ذمہ دار مرکزی ایجنسیاں ہیں اور نیشنلسٹ ہیں۔ یہاں صحت کے حالوں سے لیکر تعلیم اور ان کے حالوں سے تک ہر شعبے کاروں نے اپنی ہی پیدا کردہی ہے، بدامنی اور زیادت سے واقعات ہیں، دہشت گردوں کو ان کی سرپرستی حاصل ہے۔ سرشام ٹھوکے ہوکر موت سایوں کو رخصت کرنے ہے خوف وہراس پھیلانا ہے، دہشت گردی کے واقعات کے پیچھے والے فراہ کیسے حکومت کو آزاد ہوسکتی ہے۔ فوج، ایف سی، پولیس کے ہوتے ہوئے ان واقعات کا رونما ہونا دراصل حکومت خود اپنا ہی ہے واقعات میں ملوث ہیں۔ جب آپ اپنی ایجنسی ہی پر مقدمات درج کرائیں، بلوچ کو مارسکتے ہیں تو ان دہشت گردوں کو کیوں کھلی چھوٹ دی گئی ہے؟ ہمارے اوپر اسے اتنے ظلم ڈھائے ہیں ہوسکتے کہ وہ ان دہشت گرد عناصر سے بے خبر ہے۔ پہلی تلخ لوگوں سے کی مقصد ہے لے کر ناانصافی ہے، ڈیزاسٹر شروع کردی جاتی ہے، مراعات دے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم کسی کے نمائندے نہیں ہے فوج، ایف ای اور ہمارے اداروں کی وفاق ضرورت ہے، وسائل نکلوانا ہی پوری ہماری کوئی بھی کام نہیں کیا جارہا ہے، ہم کسی کے ساتھ ہیں ہوسکتے کہ وہ ان واقعات کا ذمہ دار ہے۔ یہ واقعہ کو ایف ای ایف نے اپنی ٹی ٹی کا ہم ذمہ داری والی حکومت ہی اس کی ذمہ دار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ہمیشہ معلوم ہے کہ ہم کو ہی ایف ای کا ہم ذمہ داری ہے

امت مسلمہ میں اتحاد، اخوت، باہمی احترام اور رواداری کے فروغ کو اجاگر کرنا ہے، خطاب

اہل بیتؑ کی محبت تمام مسلمانوں کا مشترکہ سرمایہ ہے، ابوالحسن میری

امت مسلمہ کو اختلافات سے بالاتر ہوکر اپنے مشترکہ عقائد، قومی یکجہتی اور اسلامی اخوت کو مضبوط بنانا ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے علماء کرام، سیاسی، سماجی رہنماؤں ڈائریکٹر خانہ فرہنگ ایران ابوالحسن میری، چیئرمین الطاف حسین شاہ دوپاسی، سید ضیاء الدین، سید حبیب اللہ شاہ چشتی، مفتی عزیز اللہ ذاکر، سید محمد حسن شاہ، علامہ سید خبیر، علامہ محمد کاظم سمیت دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں امت مسلمہ کو اختلافات سے بالاتر ہوکر اپنے مشترکہ عقائد، قومی یکجہتی اور اسلامی اخوت کو مضبوط بنانا ہوگا تاکہ ہم دشمنو (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی مقامی اسپتال میں زیر علاج ڈاکٹر محمد حسین بگٹی کی عیادت کررہے ہیں

پختہ تعمیراتی عمل حکومت کی خدمت کا تسلسل کا حصہ ہے، بشیر ناصر

ٹھیکیداروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی

صحبت پور (خ ن) چیف انجینئر تعمیرات نصیر آباد زون بشیر ناصر نے کہا ہے کہ پختہ تعمیراتی عمل حکومت کی خدمت کا تسلسل کا حصہ ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کے احکامات اور صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم خان کھوسہ وصوبائی سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو بابر خان کی ہدایت کی روشنی میں پختہ تعمیراتی عمل کی باریک بینی کے ساتھ چھان بین کی جارہی ہے تاکہ حکومت جو عوامی مفاد میں خطیر رقم خرچ کررہی ہے اس سے عوام براہ راست استفادہ حاصل کریں انجینئر اپنی نگرانی میں ترقیاتی منصوبوں کو جاری رکھیں لاپرواہی کسی (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

میر محمد اقبال سونگی کا سیلاب متاثرین کے گھروں کی تعمیر کیلئے فنڈز کی فراہمی کا اعلان

بھاگ (ان لائن) ڈسٹرکٹ وائس چیئرمین بھی میر محمد اقبال سونگی نے وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے سیلاب متاثرین کے گھروں کی تعمیر کے لیے مختص فنڈز کو انفراسٹرکچر، سڑکوں اور دیگر ترقیاتی منصوبوں میں منتقل کرنے کے فیصلے پر شدید تشویش اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

اہم قومی منصوبوں میں احتساب کا مثر نظام ناگزیر ہے، سینیٹر محمد عبدالقادر

5 1 5 ارب روپے سے زائد لاگت کا نیلم جہلم ہائیڈرو پاور پراجیکٹ قومی نقصان کی علامت بن چکا ہے

ٹل کی خرابی کے بعد منصوبہ بند کرنا پڑا اور بعدازاں تفصیلی تکنیکی تحقیقات، مرمت اور حفاظتی اقدامات کی سفارش کی گئی

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ 515 ارب روپے سے زائد لاگت سے تعمیر ہونے والا نیلم جہلم ہائیڈرو پاور پراجیکٹ، جو ملک کے توانائی بحران کے خاتمے کیلئے ایک اہم قومی منصوبہ تصور کیا جاتا تھا، آج تکنیکی خرابیوں، انتظامی کمزوریوں اور ناقص منصوبہ بندی کے باعث قومی نقصان کی علامت بن چکا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

ایل پی جی کی سرکاری قیمت کے برعکس من مانی قیمتوں پر فروخت

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کے تیسرے بڑے شہر فیصل آباد میں ایل پی جی کی سرکاری قیمت 300 روپے فی کلو مقرر کی گئی ہے لیکن اوپن مارکیٹ میں من مانی قیمتوں پر فروخت جاری ہے۔ فیصل آباد کے مختلف علاقوں میں ایل پی جی 450 سے 500 روپے کلو میں فروخت ہورہی ہے

کانفرنس کی صدارت مصر سے پاکستان کو منتقل ہونا ایک اہم پیش رفت ہے، ڈاکٹر ربابہ

خواتین کی ترقی اور فلاح کیلئے کیے گئے اقدامات کو عالمی برادری کے سامنے پیش کرے گا

یہ اہم بین الاقوامی فورم پاکستان کے لیے باعثِ فخر ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے پاکستان میں نویں او آئی سی وزارتی کانفرنس برائے خواتین کے انعقاد پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اہم بین الاقوامی فورم پاکستان کے لیے باعثِ فخر ہے اور اس سے عالمی سطح پر خواتین کی ترقی، مساوی مواقع اور بااختیار بنانے کے حوالے سے ملک (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

بولان، خوفناک تصادم کے نتیجے میں تین افراد موقع پر جاں بحق

سلیم شیخ ولد سوراب خان نوید احمد ولد غلام شبیر۔ احمد علی ولد نذیر احمد ہوگئے

مچھ (آن لائن) بولان کے علاقے چھڑک چیک پوسٹ کے قریب مزدا ٹرک اور شہزور گاڑی کے درمیان خوفناک تصادم کے نتیجے میں تین افراد موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے جان بحق افراد کی شناخت سلیم شیخ ولد سوراب خان نوید احمد ولد غلام شبیر۔ احمد علی ولد نذیر احمد (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

پشتون بلوچ اس صوبے میں برابر اور سیال اقوام ہے، پشتونخوا میپ

ہنہ اوڑک اور زیارت کے واقعات میں ملوث دہشت گردوں کو ان کی سرپرستی حاصل ہے، ڈاکٹر حامد خان

دہشت گردانہ واقعات کی روک تھام کے ردعمل میں گورنر ہاؤس میں حکومت نے ترجمانی کی اور اپنی نشاندہی خود کی

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی نے زیارت دہشت گردانہ واقعہ کے خلاف کوئلہ پھاٹک پر جاری احتجاجی دھرنے سے خطاب کرتے ہوئے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے اکابرین نے چمن جلسے میں کہا کہ پشتون بلوچ اس صوبے میں برابر اور سیال اقوام ہے آپ اپنی آزادی کی جنگ لڑیں لیکن پشتونوں کے املاک، جان ومال کو نقصان نہ پہنچائیں بی ایل اے کی (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

تعلیم، صحت سمیت ہر شعبے میں بھرپور ترقیاتی کام جاری ہے، وزیر مملکت

عوام کی زندگی میں آسانی لانا اور وعدے پورے کرنا نواز شریف کی پہچان ہے

جہلم (آن لائن) وزیر مملکت خزانہ اور ریلوے بلال اظہر کیانی نے اپنے حلقہ انتخاب این اے 60 میں سلی پل، روپڑ پل اور چکو ہارووڈ کا افتتاح کردیا، مقامی آبادی کا دیرینہ مطالبہ پورا ہوگیا۔ وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے افتتاحی تقاریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی زندگی میں آسانی لانا اور وعدے پورے کرنا نواز شریف اور مسلم لیگ (ن) کی پہچان ہے، اللہ جہلم روڈ پر تیزی سے کام جاری ہے، جلد اس کی تکمیل کی خوشخبری بھی عوام کو دیں گے، وزیراعظم شہباز شریف ملک بھر میں اور وزیراعلیٰ مریم نواز شریف پنجاب میں مساوی بنیادوں پر ترقیاتی کام کرارہے ہیں

امن وامان کی صورتحال دن بدن خراب ہوتی جارہی ہے، ظفر اچکزئی

پشتون اور بلوچ کو اپنے ساحل وسائل کا سزا دیا جارہا ہے 78 سال میں پاکستان کی وفاداری کا سزا دیا جارہا ہے

آگ میں جھونکنے کی ایک طے شدہ منصوبہ نظر آتی ہے خونریزی، بدامنی کی واقعات پر حکومت کی اقدامات مذمتی بیانات تک رہ چکی ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام پاکستان نظریاتی کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی دھرنے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم اور آرمی چیف دھرنے سے خطاب کرتے ہوئے لواحقین سے ملنا بھی گوارا نہ کیا۔ وزیراعظم اور آرمی چیف کا لواحقین کے ساتھ اظہار ہمدردی نہ صرف اخلاقی اور سماجی فریضہ تھا بلکہ انسانی ہمدردی کا بنیادی تقاضا تھا۔ ان کا یہ رویہ لواحقین کی زخموں پر نمک چھڑکنے کی مترادف ہے انہوں نے کہا کہ بلو (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

کلی کچہری کے وعدے پورے، مچھ میں سڑکوں، پل، تعلیمی اداروں، صحت اور اپ گریڈیشن منصوبوں کیلئے فنڈز منظور

مچھ (آن لائن) ایف سی 135 ونگ مچھ کے کرنل اور ڈی سی مچھی کی جانب سے کھلی کچہری میں عوام سے کیے گئے وعدے عملی (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

محکمہ ایریگیشن کے ملازمین کا سب سے بڑا مسئلہ سرکاری رہائشی کوارٹرز کی عدم دستیابی ہے، غلام قادر زہری

کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (اے پی سی اے) ایریگیشن یونٹ کے صدر غلام قادر زہری کی قیادت میں تنظیم کے نومنتخب کابینہ کے وفد نے سیکرٹری ایریگیشن سکھو (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

ضلع وڈھ کا ہیڈ کوارٹر نال کو بنانا: عوامی امنگوں کی تکمیل اور ترقی کی نئی امید

نال (آن لائن) نال کو ضلع وڈھ کا ہیڈ کوارٹر قرار دینا صوبائی حکومت کا ایک ایسا اہم اور خوش آئند فیصلہ ہے جس نے نال، گریشہ اور گردونواح کے عوام کے دل جیت لیے ہیں۔ یہ صرف ایک انتظامی فیصلہ نہیں بلکہ برسوں سے جاری عوا (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

زیارت دھرنے کے تمام جائز مطالبات فوری طور پر تسلیم کیے جائیں، عبدالمتین اخونزادہ

قاتلوں کی گرفتاری اور لیویز فورس کی بحالی، ایف سی کو بے دخل کرنے، چیک پوسٹوں پر تبدیلی بند کرنا ناگزیر ہے

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی بلوچستان کے نائب امیر زیارت دھرنے کے ترجمان عبدالمتین اخونزادہ نے مطالبہ کیا ہے کہ زیارت دھرنے کے تمام جائز مطالبات فوری طور پر تسلیم کیے جائیں زیارت واقعہ کی شفاف اور غیر جانبدار جوڈیشل انکوائری کرائی جائے، زیارت اور گردونواح کے علاقوں کو دہشت گردوں اور قاتل عناصر سے پاک کیا جائے، لیویز فورس (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

مشترکہ اتحاد لورالائی ڈویژن کے رہنماؤں کا مشترکہ اجلاس

ہر قسم کی دہشت گردی، بدامنی اور تشدد کی شدید الفاظ میں مذمت

لورالائی (آن لائن) مشترکہ اتحاد لورالائی ڈویژن کے رہنماؤں کا مشترکہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس کی صدارت سابق گمران وفاقی وزیر سردار سکندر حیات خان جوگیزی نے کی اجلاس میں عوام کی جان ومال کے تحفظ کو اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے ہر قسم کی دہشت گردی، بدامنی اور تشدد کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی، جبکہ حالیہ المناک واقعات پر گہرے دکھ اور غم وغصے کا (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

عوامی نیشنل پارٹی شہدا کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی، ولی داد میانی

شہید مولانا خانزیب کی جدوجہد قربانیاں اور عوامی خدمت کا جذبہ ہمیشہ یاد رکھا جائے گا

ہرنائی (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماں نے کہا ہے کہ شہید مولانا خانزیب اور شہید ہارون بلور کی قربانی پشتون قومی تحریک میں تاابد یاد رکھی جائیگی ضلع ہرنائی اور ضلع موسیٰ خیل کے زیر اہتمام شہید مولانا خانزیب اور شہید ہارون بلور کی برسی کے موقع پر تعزیتی ریفرنس منعقد کیے گئے یادریفرنس سے عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی ترجمان ولی داد میانی ضلع ہرنائی (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

زیارت دھرنے کے مطالبات فوری طور پر تسلیم کیے جائیں، عبدالمتین اخونزادہ

کوئٹہ، اصغر خان اچکزئی۔ حافظ محمد یوسف، صادق اچکزئی و دیگر قبائیلی شخصیات حاجی محمد اکبر اچکزئی کے وفات اظہار تعزیت وفاتحہ خوانی کررہے ہیں

اظہار تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی لیبر سیکرٹری موسیٰ بلوچ، سینئر ل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن اور سابق ضلعی صدر کوئٹہ غلام نبی مری نے ٹین ٹاؤن شالدرہ میں بلوچستان نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن میر نصیر احمد مینگل کی رہائش گاہ پر جاکر ان کے (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

خصوصی انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں چمن پریس کلب میں ایک مشترکہ پریس کانفرنس

چمن (خ ن) چمن میں 13 جولائی 2026 سے شروع ہونے والی خصوصی انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں چمن پریس کلب میں ایک مشترکہ پریس کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ پریس کانفرنس سے ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال چمن ڈاکٹر محمد اویس، چیئرمین ضلع کونسل حاجی امان اللہ اچکزئی (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

قلعہ عبداللہ گلستان گرڈ کی بجلی فوری بحال کی جائے، اکبر خان کاکڑ

گزشتہ چار مہینوں سے بجلی بند ہے، متعلقہ ایکسیئن کی کارکردگی ناقص، اعلیٰ حکام نوٹس لیں

قلعہ عبداللہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع قلعہ عبداللہ کے سینئر معاون سیکرٹری ڈسٹرکٹ ڈپٹی چیئرمین اکبر خان کاکڑ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ بجلی کی مکمل بندش فوری طور پر ختم کرکے بجلی کی بحالی کو یقینی بنایا جائے۔ گلستان گرڈ ضلع قلعہ عبداللہ میں گزشتہ چار ماہ سے بجلی کی مکمل بندش سے عوام کو شدید مشکلات کا شکار بنا دیا ہے۔ اس سے قبل بھی علاقے کو چوبیس گھنٹوں میں صرف تقریباً تین گھنٹے بجلی فراہم کی جاتی تھی جبکہ اب گزشتہ چار ماہ سے بجلی مکمل طور پر بند ہے جس کے باعث روزمرہ زندگی، کاروبار، تعلیم، صحت اور پینے کے پانی کی (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

وڈھ مینگل کوٹ پر ڈیتھ اسکواڈ کی جانب سے کیے گئے مسلح حملے قابل مذمت ہے، بی این پی

مسلح جتھوں کے ذریعے خوف و دہشت پھیلا کر سیاسی اختلافات کو تشدد کے ذریعے دبانے کی کوئی گنجائش نہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے وڈھ مینگل کوٹ میں ریاستی سرپرستی میں سرگرم ڈیتھ اسکواڈ کی جانب سے کیے گئے مسلح حملے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ حملہ بلوچستان میں ایک مرتبہ پھر بدامنی، خوف وہراس اور خانہ جنگی کی فضا پیدا کرنے کی ایک سوچی سمجھی سازش کا تسلسل ہے۔ ترجمان نے کہا کہ حملہ آوروں کو مقامی سطح پر مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا، جس کے نتیجے میں انہیں پسپائی اختیار کرنا (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

جمہوری وطن پارٹی کے اقلیتی ونگ کی مرکزی کابینہ تشکیل، اعجاز یعقوب صدر منتخب

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے اقلیتی ونگ کی مرکزی کابینہ تشکیل دی دے نئی نومنتخب صدر نے کہا ہے کہ پارٹی پالیسیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے جماعت کو فعال اور مضبوط (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی لیبر سیکرٹری موسیٰ بلوچ و دیگر کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی لیبر سیکرٹری موسیٰ بلوچ، سینئر ل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن اور سابق ضلعی صدر کوئٹہ غلام نبی مری نے ٹین ٹاؤن شالدرہ میں بلوچستان (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

ممبر سازی مہم جماعت اسلامی کی توسیع اور استحکام کا اہم مرحلہ ہے، امیر عبیداللہ ساسولی

خضدار (آن لائن) جماعت اسلامی ضلع خضدار کے امیر عبیداللہ ساسولی کی زیر صدارت آج بروز اتوار جامعہ اسلامیہ تفہیم القرآن قادر آباد خضدار میں اجتماع ارکان وکارکنان منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر سے ارکان، ذمہ داران اور کارکنان نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس کا (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

پشتونخوا میپ کا عبدالغفار لونی سے اظہار تعزیت

کراچی، بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی کیخلاف پیپلز پارٹی کی مرکزی کال پر احتجاج کیا جارہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکریٹری عبدالرحیم زیارتوال، مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، صوبائی صدر قہار خان ودان، صوبائی جنرل سیکریٹری کبیر افغان، ضلعی صدر ڈاکٹر نور احمد شاہ نجیک نے اپنے بیان میں عبدالحمید لونی ایل ایس وپڑا کی بیٹی نادر خا (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

ڈی آئی جی لورالائی کی زیر صدارت آل پارٹیز، انجمن تاجران، سول سوسائٹی کا اجلاس

امن وامان کی موجودہ صورتحال، حالیہ دہشت گردی کے واقعات اور عوامی تحفظ سے متعلق امور کا جائزہ

لورالائی (خ ن) لورالائی میں امن و امان کی موجودہ صورتحال، حالیہ دہشت گردی کے واقعات اور عوامی تحفظ سے متعلق امور کا جائزہ لینے کے لیے ڈی آئی جی لورالائی رینج (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

یہ ہر ہفتے ریٹ کے اتار چڑھاؤ کے فتنے سے نجات مل سکے ہم گورنمنٹ سے ایک بار پھر مطالبہ کرتے ہیں

گورنمنٹ مگرمچھوں کے سامنے بے بس ہوچکی ہے یا ان کا ساتھ دے رہی ہے، بلوچستان گندز

عوام ہر ہفتے پیٹرولیم مصنوعات کہ ریٹ کے اتار چڑھاؤ کو برداشت کرنے سے قاصر ہوچکی ہے، نور محمد شاہوانی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گندز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر حاجی نور محمد شاہوانی سہیل خان کاکڑ حاجی ظاہر شاہ یوسف زئی روزی خان مندوخیل محمد امین شمالانی عبدالمجید پرکانی حاجی داؤد کرد سیف الدین شاہوانی حاجی محمد گل کاکڑ حاجی مراد خان عبدالمنان کاکڑ ال بلوچستان مٹی مازداہ یونس پٹھان عبدالحق مینگل ال پاکستان ٹرک ورکر یونین کوئٹہ گل لالا حاجی عبدا (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

قلعہ عبداللہ گلستان گرڈ کی بجلی فوری بحال کی جائے، اکبر خان کاکڑ

ڈھاڈر میں لینڈ مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن کا آغاز

عوام کی جان و مال کی ذمہ داری پولیس کی ذمہ داری اور فرض ہے، فضل الرحمٰن خلجی

غیر قانونی اسلحے کی نمائش پر پابندی کے علاوہ پراپرٹی ایکٹ پر بھی عملدرآمد کو یقینی بنایا جائیگا

کوئٹہ (آن لائن) ایس ایچ او سریاب فضل الرحمٰن خلجی نے کہا ہے کہ علاقے میں امن کے قیام اور عوام کے مسائل کے حل کے لئے موثر اقدامات اٹھاتے ہوئے جرائم پیشہ عناصر، منشیات فروشوں، اسٹیچرز، اشتہاری اور مفرور ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن کا آغاز کر دیا گیا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

تھانہ سریاب کی حدود میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کا آغاز

عوام کی جان و مال کی ذمہ داری پولیس کی ذمہ داری اور فرض ہے، فضل الرحمٰن خلجی

غیر قانونی اسلحے کی نمائش پر پابندی کے علاوہ پراپرٹی ایکٹ پر بھی عملدرآمد کو یقینی بنایا جائیگا

کوئٹہ (آن لائن) ایس ایچ او سریاب فضل الرحمٰن خلجی نے کہا ہے کہ علاقے میں امن کے قیام اور عوام کے مسائل کے حل کے لئے موثر اقدامات اٹھاتے ہوئے جرائم پیشہ عناصر، منشیات فروشوں، اسٹیچرز، اشتہاری اور مفرور ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن کا آغاز کر دیا گیا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

آل پارٹیز کا کوئٹہ ہنہ اوڑک اور مانگی زیارت دہشتگردانہ واقعات کی مذمت

لورالائی (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے ضلعی دفتر میں صوبے میں حالیہ بدامنی غیر یقینی صورتحال خصوصاً ہنہ اوڑک اور زیارت میں حالیہ دہشت گردی کے واقعات اور ان میں بے گناہ جانوں کے ضیاع کے خلاف آل پارٹیز کانفرنس جمعیت علماء اسلام کے ضلعی امیر مولوی محمد آمین (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

آئینی تقاضے آج بھی مختلف صورتوں میں چیلنجز سے دوچار ہیں، اے این پی

شہدائے چکلاک کی برسی اس سال ایسے نازک اور تشویشناک حالات میں منائی جارہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں چکلاک کے عظیم شہدا شہید ملک قاسم خان مہترزئی شہید ملک محبت خان مہترزئی شہید جمعہ خان لالا اور دیگر شہدائے وطن کو ان کی 14 ویں برسی کے موقع پر زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ ان عظیم رہنماں اور کارکنوں کی لازوال قربانیاں پشتون قومی جدوجہد کا روشن باب ہیں جنہیں کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا بیان میں کہا گیا کہ شہدائے چکلاک کی برسی اس سال ایسے نازک اور تشویشناک حالات میں منائی جارہی ہے جب پشتون وطن ایک مرتبہ پھر بدامنی دہشت گردی اور خون ریزی کی لپیٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

معدنی وسائل کے لحاظ سے بھی وڈھ بے پناہ اہمیت کا حامل ہے، جمعیت وڈھ

خضدار (آن لائن) جمعیت علما اسلام تحصیل وڈھ کے امیر جسٹس (ر) عبدالقادر مینگل، جنرل سیکرٹری مولانا عبدالصبور مینگل اور دیگر ذمہ داران نے اپنے مشترکہ احتجاجی بیان میں کہا ہے کہ وڈھ رقبے، آبادی، تاریخی اہمیت اور قدرتی وسائل کے لحاظ سے ضلع خضدار (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

صوبے کے باہر سے لوگوں پر مسلط کرنا صوبے کے ساتھ زیادتی ہے، نذر بڑیچ

نجی سکولز کے نام پر لائسنس کی مجرمانہ گٹھ جوڑ کے خلاف بھرپور احتجاج اور قانونی چارہ جوئی کا فیصلہ

کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان پرائیویٹ سکولز فیڈریشن بلوچستان کے صوبائی صدر نذر بڑیچ، عابد ناصر، عزیز اللہ کاکڑ، گل محمد مستوئی، امان اللہ مینگل، اشتہام، امیر محمد کاکڑ و دیگر رہنماؤں نے بلوچستان اسسمنٹ کمیشن میں صوبے کی حق پر ڈاکہ ڈالنے کی سخت مذمت کرتے ہوئے نجی سکولز کے نمائندگی پر صوبے کے باہر شخص کی تقرری کو مسترد کرتے ہوئے محکمہ تعلیم کے چند افسران اور نجی سکولز کے نام پر الائنس کی مجرمانہ گٹھ جوڑ کے خلاف بھرپور احتجاج اور قانونی چارہ جوئی کا فیصلہ کیا ہے۔ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ بلوچستان اسسمنٹ کمیشن کے بورڈ میں چوردروازے (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

عوام نے ثابت کردیا ہے کہ دریائے سندھ پر کوئی سمجھوتہ قبول نہیں کیا جائے گا، شازیہ مری

پاکستان کے آبی حقوق کے تحفظ کے لیے پوری قوم ایک آواز بن چکی ہے، ترجمان پیپلز پارٹی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کی مرکزی ترجمان شازیہ مری نے دریائے سندھ کے تحفظ اور پاکستان کے آبی حقوق کے لیے ملک بھر میں ہونے والے عوامی احتجاج کو قومی یکجہتی کا مظہر قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ عوام نے ثابت کردیا ہے کہ دریائے سندھ پر کوئی سمجھوتہ قبول نہیں کیا جائے گا۔ شازیہ مری نے کہا کہ پاکستان بھر میں دریائے سندھ کے تحفظ کے لیے عوام کی بھرپور شرکت اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ پاکستان کے آبی حقوق کے تحفظ کے لیے پوری قوم ایک آواز بن چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دریائے سندھ ہماری بقا، (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

کوئٹہ، رکن صوبائی اسمبلی روی کمار پھوجہ، روما ہاشمی، تسنیم صنم، ڈاکٹر عمران ہاشمی اور دیگر بلوچستان ریفارمز اور ادبی سوسائٹی کے زیر اہتمام روما ہاشمی کی کتاب (Forever Lost IN You) کی تقریب رونمائی سے خطاب کررہے ہیں

ہفتہ کو ہائی رسک علاقوں میں رہنے والے 7 لاکھ 30 ہزار 670 بچوں کو ویکسین لگانے کا ہدف مقرر ہے

ماحولیاتی تبدیلیوں کی موجودگی میں پولیو وائرس کی موجودگی بدستور تشویش کا باعث ہے، انعام الحق

بلوچستان کے 142 ہائی رسک یونین کونسلز میں آج سے سات روزہ خصوصی بوسٹر ڈوز fIPV پولیو مہم شروع ہوگی

کوئٹہ (آن لائن) ایمرجنسی آپریشن سینٹر (ای او سی) بلوچستان کی جانب سے 13 جولائی بروز پیر سے سات روزہ خصوصی بوسٹر ڈوز فریکشنل ان ایکٹیویٹڈ پولیو ویکسین (fIPV) مہم کا آغاز کیا جارہا ہے، مہم کے دوران صوبے کے 142 ہائی رسک یونین کونسلز میں پانچ سال سے کم عمر کے 7 لاکھ 30 ہزار 670 بچوں کو حفاظتی ٹیکے لگانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ ای او سی بلوچستان کے کوآرڈینٹر انعام الحق نے بتایا کہ خصوصی مہم کو (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

زیارت دہشت گردانہ واقعہ قابل مذمت ہے، عمر خان ترین

دھرنے کے مطالبات کو فوری تسلیم کیے جائیں، ضلعی رہنماؤں کا بیان

پشین (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے ضلعی سیکرٹری عمر خان ترین، ضلعی سینئر معاونین حاجی اکبر، اکرم خان یوسفزئی، واجد وطن پال اور ملک منظور اچکزئی اور دیگر ضلعی معاونین نے اپنے بیان میں ضلع زیارت میں ہونیوالے بدترین دہشت گردی جس کے نتیجے میں کئی قیمتی جانیں جام شہادت نوش کرچکی ہیں واقعہ کی بھرپور مذمت کرتے ہوئے نااہل اور جعلی حکومت کی (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

معذوروں کو 5 فیصد کوٹہ پر روزگار اور موٹر سائیکلوں سمیت دیگر بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں، صبیح اللہ خان یوسفزئی

کوئٹہ (آن لائن) بحالی معذوران بلوچستان کے صدر صبیح اللہ خان یوسفزئی، برکت علی اور سید کامران شاہ نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ معذور افراد کے لئے قانون میں دی گئی مراعات کی فراہمی کو یقینی بناتے ہوئے انہیں باعزت روزگار، تعلیم، صحت، ٹرانسپورٹ سمیت دیگر زندگی کی بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو کوئٹہ پریس کلب (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

بھارت کو پانچویں ٹی20 میں بھی شکست، انگلینڈ نے سیریز 4-0 سے جیت لی

نئی دہلی (آن لائن) جوس بٹلر کی برق رفتار سنچری اور بولرز کی عمدہ کارکردگی کی بدولت انگلینڈ نے پانچویں ٹی ٹوئنٹی میچ میں بھارت (باقی صفحہ 3 نمبر 16)